قطعہ شریف

عشق شہِ امم کے طلبگار آئے ہیں
محفل ِمیں مصطفٰے کے وفادار آئے ہیں

اے چاند تارو حُسن کی خیرات مانگ لو
بی آمنہ کے گود ِمیں سرکار آئے ہیں

قطعہ شریف

ساری دنیا کو نِیند آگئی تیرا دیوانہ بیدار ہے
آپ ہی فیصلہ کیجئے کون جنت کا حقدار ہے

داورِ حشر کے سامنے جس گھڑی یہ گنہگار ہو
یا نبی اتنا کہہ دیجئے یہ میرا ہی گنہگار ہے

Designed By: Chahat Darbhangwi Mob. 8294380163

نعتِ رسول ﷺ

مجھے مصطفٰے کے در سے بھلا کیا ملا نہیں ہے
مَیں غُلامِ مصطفٰے ہوں مِیرے پاس کیا کمی ہے

آیا جب بھی کوئی منگتا اُسے پیٹ بھر کھیلایا
کئی دن سے گھر میں چولہا علی کا جَلا نہیں ہے

یہ حُسین ہی کا سر ہے یہ حُسین کا ہے سجدہ
جو جھکا ہے کربلا میں ابھی تک اُٹھا نہیں ہے

ارے بے خبر یزیدی تجھے کچھ پتہ نہیں ہے
وہ نہیں ہے مصطفٰے کا جو حُسین کا نہیں ہے

یہی کہہ رہی ہے اصغر کے لبوں کی مُسکراہٹ
وہاں زندگی نہیں ہے جہاں کربلا نہیں ہے

جو تھا اہلِ حق کا مَسلک وہی ہے رضا کا مَسلک
یہ تمہارا چھٹپٹانا کسی کام کا نہیں ہے

یونہی آتشِ حسد مِیں جلو تم ہمیشہ حاسِد
کیا مقام ازہری ہے تمہیں کچھ پتہ نہیں ہے

Designed By: Chahat Darbhangwi Mob. 8294380163

نعتِ رسول ﷺ

بچیئے شرک اور گناہ سے تقویٰ اختیار کیجئے
دل میں رکھیئے خوفِ کبریا مصطفٰے سے پیار کیجئے

توبہ کا کھلا ہوا ہے در کل تو بند ہونا ہے مگر
عمر ہے بہت ہی مختصر توبہ بار بار کیجئے

حشر میں جب ہوگا فیصلہ کچھ نہ سونچا جائیگا وہاں
لاکھ التجائے کیجئے منتِ ہزار کیجئے

آیئے نماز کو ذرا سنیئے جب آذان کی صدا
پنج گانہ کیجئے ادا شکرِ کردگار کیجئے

افضل آپ کیوں ہے غمزدہ آپ بھی مسکرایئے ذرا
سر پہ رکھیئے نعلِ مصطفٰے خُد کو تاجدار کیجئے

Designed By: Chahat Darbhangwi Mob. 8294380163

کلامِ اعلیٰ حضرت

نعمتیں بانٹتا جس سمت وہ ذیشان گیا
ساتھ ہی منشیِ رحمت کا قلم دان گیا

لے خبر جلد کہ غیروں کی طرف دھیان گیا
میرے مولیٰ مِرے آقا تِرے قربان گیا

دِل ہے وہ دِل جو تری یاد سے معمور رہا
سَر ہے وہ سَر جو تِرے قدموں پہ قُربان گیا

اُنہیں جانا اُنہیں مانا نہ رکھا غیر سے کام
لِلّٰہِ الحمد میں دُنیا سے مسلمان گیا

اَور تم پر مِرے آقا کی عنایت نہ سہی
نجدیو کلمہ پڑھانے کا بھی احسان گیا

آج لے اُن کی پناہ آج مدد مانگ اُن سے
پھر نہ مانیں گے قیامت میں اگر مان گیا

جان و دل ہوش و خرد سب تو مدینے پہنچے
تم نہیں چلتے رضا سارا تو سامان گیا

نعتِ رسول ﷺ

رے ماجھی ناؤ بڑھا لے ناؤ رے ماجھی ناؤ بڑھا لے ناؤ
ساغر کے اس پار ملے گی رحمت والی چھاؤں
رے ماجھی ناؤ بڑھا لے ناؤ رے ماجھی ناؤ بڑھا لے ناؤ

ساغر کی یہ چنچل لہریں یہ گھنگھور اندھیرا
لوٹ نہ لے ایمان کی دولت آکے کوئی لٹیرا
چلتے چلتے شام کی دھارا روک نہ لے کہیں پاؤں
رے ماجھی ناؤ بڑھا لے ناؤ رے ماجھی ناؤ بڑھا لے ناؤ

چل رے ماجھی شاہ امم کی رحمت آج پکارے
ساغر کے اس پار گگن سے چندہ راہ نہارے
اس نگری کے بعد ہی عربی ساجن کا ہے گاؤں
رے ماجھی ناؤ بڑھا لے ناؤ رے ماجھی ناؤ بڑھا لے ناؤ

سکھ دکھ ہے ایک اڑتا بادل دکھ سے کیا گھبرانا
لے کر نبی کا نام رے ماجھی ناؤ بڑھائے جانا
دوکھ کے بِنا نہیں سوکھ رے ماجھی دھوپ بِنیا نہیں چھاؤ
رے ماجھی ناؤ بڑھا لے ناؤ رے ماجھی ناؤ بڑھا لے ناؤ

نعتِ رسول ﷺ

بلغی العلیٰ بکمالہ کشف الدجیٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ وآلہ

نہ کہیں سے دور ہیں منزلیں نہ کوئی قریب کی بات ہے
جسے چاہیں اس کو نواز دیں یہ درِ حبیب کی بات ہے

جسے چاہا در پہ بلا لیا جسے چاہا اپنا بنا لیا
یہ بڑے کرم کے ہیں فیصلے یہ بڑے نصیب کی بات ہے

وہ خدا نہیں بخدا نہیں مگر وہ خدا سے جدا نہیں
وہ ہیں کیا مگر وہ کیا نہیں یہ محب حبیب کی بات ہے

ترے حسن سے تری شان تک ہے نگاہ و عقل کا فاصلہ
یہ ذرا بعید کا ذکر ہے وہ ذرا قریب کی بات ہے

وہ محل کے راہ میں رہ گئی یہ تڑپ کے در سے لپٹ گئی
وہ کسی امیر کی آہ تھی یہ کسی غریب کی بات ہے

میں بروں سے لاکھ برا سہی مگر اُن سے ہے میرا واسطہ
میری لاج رکھنا میرے خدا یہ تیرے حبیب کی بات ہے

تجھے اے منور بے نوا در شاہ سے چاہیے اور کیا
جو نصیب ہو کبھی سامنا تو بڑے نصیب کی بات ہے

زندگی کا بھروسہ نہیں ہے

بَند ہو جَائے کَب دل کی دھڑکن دو گھڑی کا بَھروسہ نہیں ہے
یہ حقیقت ہے اے مِیرے بھَائی زندگی کا بَھروسہ نہیں ہے

دل تیرا توڑ دے گی یہ دنیا راہ مِیں چھوڑ دے گی یہ دنیا
بے وفائی ہے فِطرت مِیں اُسکی دوستی کا بَھروسہ نہیں ہے

کچھ دنوں بعد غم ہی ملیں گے اس مِیں آرام کم ہی میلں گے
دولتوں پہ نہ پھولے سماؤ اس خوشی کا بَھروسہ نہیں ہے

اک چراغِ محبت جلاؤ قبر کو اپنی روشن بناؤ
حشر تک اس مِیں سونا پڑے گا روشنی کا بھروسہ نہیں ہے

موت آئے گی سر تاج جب بھی سونی ہو جائے گی بزم ہستی
ڈوب جاؤ گے تاریکیوں میں روشنی کا بھروسہ نہیں ہے

خواب کتنے سَجائے ہوئے ہیں ریت پر گھر بنائے ہوئے ہیں
سو برس کی تیاریاں ہیں اور ابھی کا بھروسہ نہیں ہے

Designed By: Chahat Darbhangwi Mob. 8294380163

نعتِ رسول ﷺ

حشر میں جس پر میرے آقا کو پیار آجائے گا
بس اسی کو خلد کا حقدار مانا جائے گا

آگئے روئے زمیں پر رحمت العٰلمین
اب غلاموں کو بھی مسند پر بیٹھایا جائے گا

کیا ہمیں بھی بادشاہی کی سند دی جائے گی
کیا ہمارا نام بھی منگتوں میں لکھا جائے گا

دیکھ لینا سارے سجدوں کی امامت کے لئے
حشر کے دن سجدئے شبیر لایا جائے گا

اڑنے والے سن لیں یہ خواجہ کا ہندوستان ہے
مار کر جوتا یہاں نیچے اتارا جائے گا

عشق والے جب تلک موجود ہے اِس دھر میں
حضرتِ اختر رضا کو یاد رکھا جائے گا

آپ نے نعرہ لگایا ہے رضا کا اِس لئے
اے مجاہد آپ کا نعرہ لگایا جائے گا

مدحت خیر البشر تحریر کرتا ہوں سحر
میرے اک اک شعر کو سونے سے تولا جائے گا

Designed By: Chahat Darbhangwi Mob. 8294380163

نعت رسول ﷺ

بصد خلوص بصد احترام لکھ دینا
غلامِ حضرتِ خیر الانام لکھ دینا
فرشتے کہدیں نبی کا غلام سویا ہے
میرے کفن پہ محمدؐ کا نام لکھ دینا

نظر میں گنبدِ خضریٰ سجائے بیٹھے ہیں
ہم اپنے دل کو مدینہ بنائے بیٹھے ہیں
ہے کب سے دید مدینہ کی آرزو دل میں
نبی بلائیں گے ہم لو لگائے بیٹھے ہیں

میری اِن آنکھوں کو آقا یہ خواب دے دینا
مجھے بھی حُبِ رسالت مآب دے دینا
پھر آج میں نے محبت سے ماں کو دیکھا ہے
میرے خدا مجھے حج کا ثواب دے دینا

نبی کا جشن منانا بہت ضروری ہے
چراغِ عشق جلانا بہت ضروری ہے
اگر ہو تاجِ شریعت کے چاہنے والے
رضا کا نعرہ لگانا بہت ضروری ہے

عبادتوں کا قرینہ دیکھا کے لے آؤں
وہاں سے عرش کا زینہ دیکھا کے لے آؤں
میرے کریم تو اتنا نواز دے سب کو
میں اپنی ماں کو مدینہ دیکھا کے لے آؤں

Designed By: Chahat Darbhangwi Mob. 8294380163

نعتِ رسول ﷺ

وہ جس کے لئے محفلِ کونین سجی ہے
فردوسِ بریں جسکے وسیلے سے بنی ہے
وہ ہاشمی مکی مدنی العربی ہے
وہ میرا نبی میرا نبی میرا نبی ہے

احمد ہے محمد ہے وہی ختمِ رسل ہے
مخدوم و مربیّ ہے وہی والئ کل ہے
اُس پر ہی نظر سارے زمانے کی لگی ہے
وہ میرا نبی میرا نبی میرا نبی ہے

اللہ کا فرمان الم نشرح لک صدرک
منسوب ہے جس سے ورفعنا لک ذکرک
جس ذات کا قرآن میں بھی ذکرِ جلی ہے
وہ میرا نبی میرا نبی میرا نبی ہے

والشمس ضحیٰ چہرۂ انور کی جھلک ہے
واللیل سجی گیسوئے حضرت کی لچک ہے
عالم کو ضیاء جس کے وسیلے سے ملی ہے
وہ میرا نبی میرا نبی میرا نبی ہے

کس درجہ زمانے میں تھی مظلوم یہ عورت
پھر جس کی بدولت ملی اسے عزت و رفعت
وہ محسن و غم خوار ہمارا ہی نبی ہے
وہ میرا نبی میرا نبی میرا نبی ہے

نعتِ رسول ﷺ

قُرآں کی عِبارت سے ہم نے تو یہی جانا
لاریب تیرا در ہے توحید کا میخانہ
اللہ کو پانا ہے آقا تجھے پا جانا
تو شمعِ رسالت ہے عالم تیرا پروانہ
تو ماہِ نبوت ہے اے جلوئے جانانا

معراج کی منزل میں جب عشق نے پہونچایا
دیوانے کو جب اُن کا دربار نظر آیا
اس دم دل عاشق نے کیا خوب یہ فرمایا
گر پڑ کے یہاں پہونچا مر مر کے اُسے پایا
چھوٹے نہ الٰہی اب سنگِ درِ جانانا

جب ذکر کہیں پہ بھی کرتے ہیں تیرے در کا
یادوں میں سفر فوراً کرتے ہیں تیرے در کا
اس واسطے ہر لمحہ گاتے ہیں تیرے در کا
کھاتے ہیں تیرے در کا پیتے ہیں تیرے در کا
پانی ہے تیرا پانی دانہ ہے تیرا دانہ

آنکھوں میں تیرے شاید بالکل نہیں بینائی
اس در کی تجھے عظمت کیونکر نہ سمجھ آئی
جو علم نہ کہہ پایا وہ عشق نے کہلائی
سنگِ درِ جانا پر کرتا ہوں جبیں سائی
سجدہ نہ سمجھ نجدی سر دیتا ہوں نذرانہ

Designed By: Chahat Darbhangwi Mob. 8294380163

نعتِ رسول ﷺ

حسرت کہے آنکھوں کی اور دل کہے مستانہ
دیوانے کی آہوں کو کیا ٹھیک ہے تڑپانا
مشکل ہو جاتا ہے جزبات کو سمجھانا
بے خود کیے دیتے ہیں انداز حجابانہ
آ دل میں تجھے رکھ لوں اے جلوہ جانانہ

چودہ سو برس پہلے چھلکا تھا جو میخانہ
بغداد میں کلیر میں اُن کا ہے نشہ خانہ
کہتے ہیں کبھی تیرا ہے کام کریمانہ
اتنا تو کرم کرنا اے نرگسِ مستانہ
جب جان لبوں پر ہو تم سامنے آ جانا

بیکس کو یتیموں کو سینے سے لگایا ہے
دنیا نے گرایا ہے آقا نے اُٹھایا ہے
یہ کہتا ہوا شید ادربار میں آیا ہے
دنیا میں مجھے تو نے جب اپنا بنایا ہے
محشر میں بھی کہہ دینا یہ ہے میرا دیوانہ

اے یادِ نبی تیرا غم ہنس کے پیے جاؤں
وہ دن نہ کبھی آئے بن تیرے جیے جاؤں
ہر حال میں اک تیرا بس نام رٹے جاؤں
کیا بات ہو محشر میں میں شکوے کیے جاؤں
تم ہنس کے کہے جاؤ دیوانہ ہے دیوانہ

بستے ہیں زمیں پر جو صدقے ہیں اسی در کے
افلاک پہ روشن وہ جلوے ہیں اسی در کے
حاصل ہے مجھے جو کچھ رتبے ہیں اسی در کے
بیدم تیری قسمت میں سجدے ہیں اُسی در کے
چھوٹا ہے نہ چھوٹے گا سنگِ درِ جانانہ

Designed By: Chahat Darbhangwi Mob. 8294380163

CamScanner

نعتِ رسول ﷺ

مجھ سے پوچھو نہ اے دنیا والوں مَیں نے کاغذ پہ کیا لکھ دیا ہے
شہرِ طیبہ کی مٹی کو مَیں نے ہر مرض کی دوا لکھ دیا ہے

کون ہے سنیت کا محافظ مجھ سے پوچھا کسی نے جو اتنا
میں نے کاغذ قلم لیکے فوراً نامِ احمد رضا لکھ دیا ہے

اے نکیروں نہ کچھ مجھ سے پوچھو میں غُلامِ شہِ انبیاء ہوں
مَیں نے مرنے سے پہلے یہ دل پر مصطفٰے مصطفٰے لکھ دیا ہے

جنگ میں ایک تبسم سے اپنے ظلم کو کر دیا پانی پانی
اسلئے مولیٰ اصغر کو میں نے فاتحِ کربلا لکھ دیا ہے

اُنکے گھر کی عطاؤں کے آگے یہ زمیں آسماں مختصر ہیں
کر نہ پائے گا اُس کی وضاحت چادرِ فاطمہ لکھ دیا ہے

زورِ طوفاں نے کافی دِکھایا میری کشتی ہلا بھی نہ پایا
کیوں کہ کشتی پہ پہلے ہی مَیں نے نامِ غوث الوریٰ لکھ دیا ہے

مشکلیں گھر میں آتی نہیں ہیں مجھ سے آنکھیں ملاتی نہیں ہیں
اپنے گھر کی گلی پر جو میں نے نامِ مشکل کُشا لکھ دیا ہے

Designed By: Chahat Darbhangwi Mob. 8294380163

کلامِ اعلیٰ حضرت

دیکر خوشی کے لمحے غم سے چھڑا دیئے ہیں
تاریک رہ گذر میں شمعیں جلا دیئے ہیں
بنجر زمین پر بھی فصلیں اُگا دیئے ہیں
ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں
جس راہ چل گئے ہیں کوچے بسا دیئے ہیں

سَاحِل ہے دور ہم سے موجیں ہوئی ہیں غالب
ایسے میں کون ہوگا ہم سے بھلا مخاطب
ہیں ہاتھ میں تمہارے جو چاہو تم منَاسِب
آ نِے دو یا ڈبو دو اب تو تمہاری جانب
کَشتی تمہیں پہ چھوڑی لنگر اُٹھا دیئے ہیں

شُہرت کسی نے مانگی عُہدہ کسی نے مانگا
عَظَمت کسی نے مانگی رتبہ کسی نے مانگا
حسنین مجتبیٰ کا صدقہ کسی نے مانگا
مِیرے کریم سے گر قطرہ کسی نے مانگا
دریا بہا دیئے ہیں در بے بہا دیئے ہیں

عُنوان شاعِری ہے نعت رسول اکرم
تَعریف جتنی کیجئے احمد رضا کی ہے کم
گوہر ہیں شعر و فن کے وہ تو امامِ اعظم
ملک سخن کی شاہی تمکو رضا مسلم
جِس سمت آ گئے ہو سکے بٹھا دیئے ہیں

Designed By: Chahat Darbhangwi Mob. 8294380163

حمد باری تعالیٰ

اللہ ھو اللہ ھو اللہ ھو اللہ ھو
اللہ ھو اللہ ھو اللہ ھو اللہ ھو

تو کسی جا نہیں اور ہر جا ہے تُو
تُو مُنزہ مکاں سے مُبرہ زسو
عِلم و قُدرت سے ہر جا ہے تو کو بکُو
تیِرے جلوے ہیں ہر ہر جگہ اے عفو
اللہ ھو اللہ ھو اللہ ھو اللہ ھو

قلب کو اُس کی رُویت کی ہے آرزو
جِس کا جلوہ ہے عالم میں ہر چار سو
بلکہ خود نفس میں ہے وہ سُبحانہٗ
عَرش پر ہے مگر عَرش کو جستجو
اللہ ھو اللہ ھو اللہ ھو اللہ ھو

طائرانِ جنا میں تیِری گفتگو
گیت تیِرے ہی گاتے ہیں وہ خوش گلو
کوئی کہتا ہے حق کوئی کہتا ہے ھو
اور سب کہتے ہیں لا شریک لہٗ
اللہ ھو اللہ ھو اللہ ھو اللہ ھو

خواب نوری میں آئیں جو نورِ خُدا
بقیۂ نُور ہو اپنا ظُلمت کدا
جگمگا اُٹھے دل چہرہ ہو پُرضیا
نوریوں کی طَرح شغل ہو ذِکر ھو

Designed By: Chahat Darbhangwi Mob. 8294380163

درد دل کر مجھے عطا یارب
دے مِرے درد کی دوا یارب

لاج رکھ لے گناہ گاروں کی
نام رحمان ہے تِرا یارب

عَیب مِیرے نَہ کھول محشر مِیں
نام ستّار ہے ترا یارب

بے سَبب بَخش دے نَہ پوچھ عَمل
نام غفار ہے ترا یارب

تو نے مِیرے ذِلیل ہاتھوں مِیں
دامنِ مصطفٰے دیا یارب

اہلِسنت کی ہر جماعت پر
ہر جگہ ہو تری عطا یارب

دشمنوں کے لئے ہدایت کی
تجھ سے کرتا ہوں التجا یارب

تو حسن کو اُٹھا حسن کر کے
ہو مع الخیر خاتمہ یارب

حمد باری تعالیٰ

لاالہ الااللہ لاالہ الااللہ
حق لاالہ الااللہ امنابرسولِ اللہ

ایسے کہاں تھے ہمارے نصیب
ہم کو ملا اللہ کا حبیب
ہے یہ دعائیں ربِ مجیب
ہم جاکے پڑھے روضے کے قریب

جنت کی جب شیر کریں
ہم بھی سب ہمراہ چلیں
حوضِ کوثر پر آئیں
اورہاتھ سے آپکے جام پیئے

قلب میں تو بھی حاضر ہو
عبدالقادر ناظر ہو
خواجہ معین اور ناصر ہو
سر پہ نظام اور صابر ہو

داورِ کل اے ربِ علا
صدقہ ذاتِ محمد کا
جاری رہے تاروزِ جزا
مذہب اہلسنت کا

مولا دل کا زنگ چھڑا
قلب نوری پائے جلا
دل کو کردے آئینہ
اس میں چمکے یہ کلمہ

Designed By: Chahat Darbhangwi Mob. 8294380163

نعت رسول ﷺ

میری الفت مدینے سے یوں ہی نہیں میرے آقا کا روضہ مدینے میں ہے
میں مدینے کی جانب نہ کیسے کھینچوں میرا دین اور دنیا مدینے میں ہے

عرش اعظم سے جس کی بڑی شان ہے روضۂ مصطفےٰ جس کی پہچان ہے
جس کا ہم پلہ کوئی محلہ نہیں ایک ایسا محلہ مدینے میں ہے

پھر مجھے موت کا کوئی خطرہ نہ ہو موت کیا زندگی کی بھی پروا نہ ہو
کاش سرکار اک بار مجھ سے کہیں اب ترا مرنا جینا مدینے میں ہے

سرورِ دوجہاں سے دعا ہے مری ہاں بصد چشم تر التجا ہے مری
انکی فہرست میں میرا بھی نام ہو جن کا روز آنا جانا مدینے میں ہے

جب نظر سوئے طیبہ روانہ ہوئی ساتھ دل بھی گیا ساتھ جاں بھی گئی
میں منیر اب رہوں گا یہاں کس لیے میرا سارا اثاثہ مدینے میں ہے

Designed By: Chahat Darbhangwi Mob. 8294380163

نعت رسول ﷺ

جس روز نبی اپنا دیدار کرا دیں گے
سرکار کے قدموں پر ہم جان لُٹا دیں گے

کیا پوچھتے ہو ہم سے کیا خواجہ پیا دیں گے
انگلی کو پکڑ کر کے آقا سے ملا دیں گے

سرکارِ بریلی پر انگلی جو اُٹھائے گا
ہم ایسے منافق کو دنیا سے مٹا دیں گے

ہم سنی مسلماں ہیں مرنے سے نہیں ڈرتے
اسلام کے خاطر ہم گردن بھی کٹا دیں گے

کربل کے میداں میں یہ ابنِ علی بولے
نانا کی اُمت پر ہم سر کو کٹا دیں گے

ہم چین سے سوئے ہیں ہم کو نہ جگاؤ تم
کروٹ جو لیں گے ہم امریکہ ہلا دیں گے

دل و جان سے پیارا ہے ہندوستان ہمارا ہے
ہندوستان کے خاطِر ہم جی جان لڑا دیں گے

Designed By: Chahat Darbhangwi Mob. 8294380163

نعتِ رسول ﷺ

دلوں سے درد کے کانٹے نکال دیتا ہے
نبی کا ذکر مصیبت کو ٹال دیتا ہے
میں قادری ہوں میرا پیر غوث اعظم ہے
لحد سے مردے کو زندہ نکال دیتا ہے

علی کے نور کے زہرا کا چین رہتے ہیں
میرے دلوں میں امامِ حسین رہتے ہیں
ستارو آؤ میرے گھر میں روشنی لے لو
ہمارے گھر میں امامِ حسین رہتے ہیں

جہاں میں آج بھی ظالم کو ڈر حسین کا ہے
جہاں پہ ہوتی ہے میلاد یہ گھر حسین کا ہے
ہزاروں سر ہے نمازِ جنہیں بچاتی ہے
نماز کو جو بچالے وہ سر حسین کا ہے

نبی کے لہجے میں حیدر بھی بات کرتے ہیں
علی کے لہجے میں اصغر بھی بات کرتے ہی
شہید ہو کے بھی خاموش رہ نہیں سکتے
یہ کربلا ہے کٹے سر بھی بات کرتے ہیں

عقیدتوں کا خزانہ دیکھا کے لے آؤں
وہاں سے خلد کا زینہ دیکھا کے لے آؤں
میرے کریم تو اتنا نواز دے مجھ کو
میں اپنی ماں کو مدینہ دیکھا کے لے آؤں

Designed By: Chahat Darbhangwi Mob. 8294380163

حمد باری تعالیٰ

اللہ ُ اللہ ُ اللہ ُ اللہ ُ اللہ ُ
اللہ ُ اللہ ُ اللہ ُ اللہ ُ اللہ ُ

مَیں نے پوچھا یہ گل سے کہ اۓ خوبرو
تجھ میں آئی کہاں سے نزاقت کی بو
یاد میں کس کی ہنستا مہکتا ہے تو
ہنس کے بولا کہ اۓ طالبِ رنگوبو

اللہ ُ اللہ ُ اللہ ُ اللہ ُ اللہ ُ
اللہ ُ اللہ ُ اللہ ُ اللہ ُ اللہ ُ

عَرض کی میں نے سُنبل سے اۓ مُشکبو
صُبح کو کرکے شبنم سے تازہ وَضو
جھوم کر کون سا ذکر کرتا ہے تو
سن کے کرنے لگا دم بدم ذکر ہو

اللہ ُ اللہ ُ اللہ ُ اللہ ُ اللہ ُ
اللہ ُ اللہ ُ اللہ ُ اللہ ُ اللہ ُ

Designed By: Chahat Darbhangwi Mob. 8294380163

نعتِ رسول ﷺ

لحد میں آقا کی دید ہو گی میں گھر سے سج کر نکل رہا ہوں
میرے عزیزوں یہ رونا کیسا مکان ہی تو بدل رہا ہوں

لگا کے خوشبو میں سو رہا ہوں فرشتو مجھ کو اُٹھاؤ جلدی
نبی ہمارے ہیں سامنے اب خوشی کے مارے مچل رہا ہوں

کسی کے در کا فقیر ہوں میں محبتوں کا اسیر ہوں میں
میں بے سہارا نہیں ہوں لوگوں نبی کے ٹکروں پہ پل رہا ہوں

گُناہ کی گھٹری ہے بھاری سر پر حضور کیسے میں گزروں پل سے
بچا لو آکر شفیعِ محشر کے پل سے اب میں پھسل رہا ہوں

میرے جنازے پہ رونے والوں فریب میں ہو بغور دیکھو
مرا نہیں ہوں غمِ نبی میں لباس ہستی بدل رہا ہوں

ہو باد میں یہ سوال پہلے نکریں آقا کا ذکرِ چھیڑو
ملن کی شب ہے کفن میں اپنے خوشی کے مارے مچل رہا ہوں

بہت کٹھن سے حسن یہ راتیں سُناتے رہیئے نبی کی نعتیں
سکون ملتا ہے دردِ دل کو میں نعت سُن کر مچل رہا ہوں

Designed By: Chahat Darbhangwi Mob. 8294380163

نعتِ رسول ﷺ

عیسیٰ موسیٰ کا ہو ارمان رسول عربی
نوح میں شیث میں ذیشان رسول عربی
سارے نبیوں میں وہ سلطان رسول عربی
قبلہ و کعبہ و ایمان رسول عربی
دو جہاں آپ پہ قربان رسول عربی

گردش گھیرے ہیں سرکار بچالو مجھ کو
میں گنہگار سہی پھر بھی سنبھالو مجھ کو
سب نے ٹالا ہے مگر آپ نہ ٹالو مجھ کو
صدقے حسنین کے روضے پہ بلالو مجھ کو
ہند میں ہوں میں پریشان رسول عربی

غوث و خواجہ کے گھرانے کا وہ پکڑے ہو علم
ساتھ ہو حضرت شبیر علی شاہ امم
نور علی کتنا مزہ آئیگا پھر رب کی قسم
مجمع حشر میں پھر شان سے آئے بیدم
ہاتھ میں ہو تیرا دامان رسولِ عربی

نعتِ رسول ﷺ

چاہتوں کا نذرانہ لے کے مُستقل جاتا
پیچھے پیچھے میں جاتا آگے آگے دل جاتا
گلشنِ مُحبت میں تازہ پھول کھِل جاتا
داغِ فُرقتِ طیبہ قلب مُضمحل جاتا
کاش گنبدِ خضریٰ دیکھنے کو مِل جاتا

ہوتی فَضل کی بارش میرے آشیانے پر
ہر گھڑی نظر جاتی نور کے خزانے پر
سوچتا ہوں یہ اکثر میں غریب خانے پر
دم مرا نکل جاتا ان کے آستانے پر
ان کے آستانے کی خاک میں مَیں مِل جاتا

عاقبت کی ملتی ہے آگہی مدینے میں
غم سے دور رہتی ہے زندگی مدینے میں
اس لئے تو ہے عَاشق ملتجی مدینے میں
موت لے کے آجاتی زندگی مدینے میں
موت سے گلے مِل کر زندگی میں مِل جاتا

فیضِ اعلیٰ حضرت ہے اور عنایتِ نوری
حاضریٔ طیبہ کی مل گئی ہے منظوری
کھَل رہی تھی عرصہ سے شہرِ پاک کی دوری
ان کے در پہ اختر کی حسرتیں ہوئیں پوری
سائل درِ اقدس کیسے منفعِل جاتا

نعتِ رسول ﷺ

چاہتوں کا نذرانہ لے کے مُستقل جاتا
پیچھے پیچھے میں جاتا آگے آگے دل جاتا
گلشنِ مُحبت میں تازہ پھول کھِل جاتا
داغِ فُرقتِ طیبہ قلب مُضمحل جاتا
کاش گنبدِ خضریٰ دیکھنے کو مِل جاتا

ہوتی فضل کی بارش میرے آشیانے پر
ہر گھڑی نظر جاتی نور کے خزانے پر
سوچتا ہوں یہ اکثر میں غریب خانے پر
دم مرا نکل جاتا ان کے آستانے پر
ان کے آستانے کی خاک میں میں مِل جاتا

عاقبت کی ملتی ہے آگہی مدینے میں
غم سے دور رہتی ہے زندگی مدینے میں
اس لئے تو ہے عاشق ملتجی مدینے میں
موت لے کے آ جاتی زندگی مدینے میں
موت سے گلے مِل کر زندگی میں مِل جاتا

فیضِ اعلیٰ حضرت ہے اور عنایتِ نوری
حاضریِٔ طیبہ کی مل گئی ہے منظوری
کھل رہی تھی عرصہ سے شہرِ پاک کی دوری
ان کے در پہ اختر کی حسرتیں ہوئیں پوری
سائلِ درِ اقدس کیسے منفعِل جاتا

Designed By: Chahat Darbhangwi Mob. 8294380163

نعتِ رسول ﷺ

کوئی آئے کوئی جائے یہ تماشا کیا ہے
کچھ سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ دُنیا کیا ہے

آنے والے تو چلے جاتے ہیں واپس لیکن
جانے والے نہیں آتے یہ طریقہ کیا ہے

تیرے احباب تیرے دوست تیرے گھر والے
تجھ کو مٹی میں ملا دیں گے سمجھتا کیا ہے

دفن کر کے یہ تسلّی بھی دیئے جاتے ہیں
رفتہ رفتہ سبھی آ جائیں گے ڈرتا کیا ہے

بعد مرنے کے تجھے کہتے ہیں تیرے اپنے
اس کو لے جاؤ دفن کے لئے رکھنا کیا ہے

چھوڑ کے تجھ کو ویرانے میں چل دیئے سارے
اب تو سمجھا ہے تیرا اپنوں سے رشتہ کیا ہے

دو گھڑی روئیں گے احباب تیرے اے کامل
پھر ہمیشہ وہ بھلا دیں گے سمجھتا کیا ہے

Designed By: Chahat Darbhangwi Mb. 8294380163

نعتِ رسول ﷺ

کوئی آئے کوئی جائے یہ تماشا کیا ہے
کچھ سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ دُنیا کیا ہے

آنے والے تو چلے جاتے ہیں واپس لیکن
جانے والے نہیں آتے یہ طریقہ کیا ہے

تیرے احباب تیرے دوست تیرے گھر والے
تجھ کو مٹی میں ملا دیں گے سمجھتا کیا ہے

دفن کر کے یہ تسلّی بھی دیئے جاتے ہیں
رفتہ رفتہ سبھی آجائیں گے ڈرتا کیا ہے

بعد مرنے کے تجھے کہتے ہیں تیرے اپنے
اس کو لے جاؤ دفن کے لئے رکھنا کیا ہے

چھوڑ کے تجھ کو ویرانے میں چل دیئے سارے
اب تو سمجھا ہے تیرا اپنوں سے رشتہ کیا ہے

دو گھڑی روئیں گے احباب تیرے اے کامل
پھر ہمیشہ وہ بھلا دیں گے سمجھتا کیا ہے

Designed By: Chahat Darbhangwi Mb. 8294380163

نعتِ رسول ﷺ

ہم سدا یہ کہتے ہیں بجدِ زمانے سے
چار سو اُجالا ہے مصطفےٰ کے آنے سے

عاشقِ شہِ بطحا جھوم کر یہ کہتے ہیں
بھیک ہم کو ملتی ہے اُنکے آستانے سے

جو بھی مست رہتے ہیں الفتِ پیمبر میں
وہ بہشت پاتے ہیں آپ کے خزانے سے

ہم حسین والے ہیں کربلا ہمارا ہے
ہم کبھی نہیں ڈرتے جان و دل لُٹانے سے

جو رضا کا دشمن ہے وہ نبی کا دشمن ہے
یہ سبق ملا ہم کو قادری دیوانے سے

عسکری یہ کہتا ہے سن لو اے جہاں والو
فیض سب کو ملتا ہے ہاشمی خزانے سے

Designed By: Chahat Darbhangwi Mb. 8294380163

سہرا شریف

فضلِ ربّی سے شادی کا تحفہ ملا
تجھ کو شادی مُبارک شکیل رضا
شاد و آباد رکھے ہمیشہ خدا
تجھ کو شادی مُبارک شکیل رضا

سنکے دلہن تیری یاسمین آئے گی
سنگ اللہ کی رحمتیں لائے گی
ہر گھڑی چمکے گا خوب آنگن تِرا
تجھ کو شادی مُبارک شکیل رضا

ابو الکلام انصاری اور ماں خیر النساء
رنگ لائی ہے کیا خوب اُنکی دعا
تیرے ماتھے پہ شادی کا سہرا سجا
تجھ کو شادی مبارک شکیل رضا

بہنوئی ہیں ناصر حُسین اور حَسنین رضا
تِیرے سہرے مِیں ہے انکی رَنگِ وفا
اِس لئے تو چمکنے لگا چاند سا
تجھ کو شادی مُبارک شکیل رضا

احسان اور قربان مبارک حسین
سارے بھائی کا تو بن گیا دل کا چین
دے رہے ہیں تجھے آج ہر اک دعا
تجھ کو شادی مبارک شکیل رضا

Designed By: Chahat Darbhangwi Mb. 8294380163

نعتِ رسول ﷺ

چاندنی مُسکراتی چلی آئیگی اور اُجالوں کا لشکر چلا آئیگا
نور ہی نور ہر سو بکھر جائیگا جب وہ ماہِ منور چلا آئیگا

چاند پھٹ بھی گیا اور کٹ بھی گیا آن میں ڈوبا سورج پلٹ بھی گیا
اُنکا ادنیٰ اشارہ اگر ہو گیا آسماں بھی زمیں پر چلا آئیگا

غار کے منہ پہ وہ جس نے انڈے دیئے وہ کبوتر نبی کا وفادار ہے
اُس کا گھر خیر و برکت سے بھر جائیگا جس کے گھر وہ کبوتر چلا آئیگا

تذکرہ جنکے تقوے کا دن رات ہے اُس بریلی کے دولہا کی کیا بات ہے
مِثلِ سیلاب دیوانے آجائیں گے جس جگہ میرا اختر چلا آئیگا

Designed By: Chahat Darbhangwi Mb. 8294380163

نعتِ رسول ﷺ

دَنگ ہیں سَب دیکھکر آدھا اِدھر آدھا اُدھر
ہوگیاپل میں قمر آدھا اِدھر آدھا اُدھر

چاندہی کیا آسماں کو بھی اگر کہتے حضور
وہ بھی گرتا ٹوٹ کر آدھَا اِدھر آدھا اُدھر

اعلیٰ حضرت کے غلاموں سے الجھنا چھوڑدو
پھینک دیں گے کاٹ کر آدھَا اِدھر آدھَا اُدھر

تختِ حسنین کاجب فیصلہ ہونے لگا
سیب کٹ کر گر گیا آدھَا اِدھر آدھا اُدھر

اک طَرف مکہ کی سَرحَداک طَرف شَہرنبی
کاش ہوتا میرا گھر آدھا اِدھر آدھا اُدھر

دشمنانِ مصطفےٰ کودیکھ لیناپل صراط
ڈال دیگاکاٹ کر آدھَا اِدھَر آدھَا اُدھَر

Designed By: Chahat Darbhangwi Mb. 8294380163

نعتِ رسول ﷺ

میرا سب کچھ مدینہ ہے میرا سب کچھ مدینہ ہے
میرا سب کچھ مدینہ ہے میرا سب کچھ مدینہ ہے

ہر درد کی دوا ہے مدینہ شَریف میں
تعویز ہر بلا ہے مدینہ شریف میں
مَیں کیا بتاؤں کیا ہے مدینہ شَریف مِیں
مَحبوبِ کبریا ہے مدینہ شَریف مِیں

یہ دل ہے مصطفٰی کی محبت کے وسطے
صلِّ علی کا ذکر ہے راحت کے واسطے
نبیوں سے بولے مسجدِ اقصیٰ مِیں جِبرائیل
سرکار آرہے ہیں امامت کے واسطے

قَیصر کا تَخت اور نہ کِسریٰ پسند ہے
جس کو درِ رسول کا دانہ پسند ہے
کیا چاہیے بلال سے جب پوچھتے رہے
بولے بلال مجھ کو مدینہ پسند ہے

اللّٰہ کے کرم کا قرینہ دکھاؤں گا
باغِ بہشت خلد کا زینہ دکھاؤں گا
توفیق دی خدا نے تو وہ دن بھی آئے گا
مَیں اپنی ماں کو شہرِ مدینہ دکھاؤں گا

ہر ذرہ مخملی ہے مدینہ شَرِیف مِیں
رَحمت برس رہی ہے مدینہ شَرِیف مِیں
رونق نبی کے شہر کی دیکھی تو یوں لگا
جَنت ہی آگئی ہے مدینہ شَرِیف مِیں

Designed By: Chahat Darbhangwi Mb. 8294380163

بتقریب شادی خانہ آبادی

جشنِ شادی منانے کے دن آ گئے
اِن کو دولہا بنانے کے دن آ گئے

ماں نے دیکر دوعائیں خوشی سے کہا
چاند سی دولہن لانے کے دن آ گئے

کہ دل سے والد کا خوش ہو کے کہنے لگا
گھر پہ جلسہ کرانے کے دن آ گئے

صدقئے پنجتن ائے میرے دوستوں
آج دل سے لٹانے کے دن آ گئے

جشنِ شادی میں دیکھو ذرا ائے فہیم
نعت سن نے سنانے کے دن آ گئے

آج خوشیاں منانے کے دن آ گئے
سَر پہ سہرا سجانے کے دن آ گئے

باپ ماں کے جو مدت سے ارمان تھے
چاند سی دولہن لانے کے دن آ گئے

شادی کرنا بھی سنت ہے سرکار کی
پیاری سنت نبھانے کے دن آ گئے

Designed By: Chahat Darbhangwi Mb. 8294380163

کبھی تیری ماں نہ روٹھے

ماں تو ماں ہے ماں کا ہم پر کتنا بڑا احسان کہ ماں کا ساتھ نہ چھوٹے کبھی تری ماں نہ روٹھے
ماں کا سایہ جس کے سر پر وہ تو بڑا دھنوان کہ ماں کا ساتھ نہ چھوٹے کبھی تری ماں نہ روٹھے

آنچل میں وہ ہم کو چھپا کر خون جگر کا پلاتی ہے خود بھوکی سو جاتی ہے
خود گیلے میں رہ کر ہم کو سوکھے میں وہ لٹاتی ہے اچھی نیند سلاتی ہے
ماں کے اک احسان پہ اپنا تن من دھن قربان کہ ماں کا ساتھ نہ چھوٹے

ماں کے شکم سے دنیا بھر میں کیسے کیسے لعل ہوئے غوث ہوئے ابدال ہوئے
ماں کے قدموں کو چھوتے ہی ایسے مالا مال ہوئے سر تا پا خوش حال ہوئے
ماں نے دعا جس کو بھی دی ہے اس کی اونچی شان کہ ماں کا ساتھ نہ چھوٹے

ماں نہ ہوتی تو نہ ہوتا تو ماں کی ہی بدولت ہے یہ سچ ہے یہ حقیقت ہے
قول نبی ہے ماں کے قدموں کے نیچے ہی جنت ہے بس رحمت ہی رحمت ہے
ماں کے لئے گر دینا پڑے تو دے دینا تم جان کہ ماں کا ساتھ نہ چھوٹے

ماں کا دل تو ماں کا دل ہے اس جیسا نہ پاؤ گے ڈھونڈتے ہی رہ جاؤ گے
رب کی لعنت نازل ہوگی ماں کو جو تڑپاؤ گے چین کہیں نہ پاؤ گے
سرکار کونین کا سن لو بس یہی فرمان کہ ماں کا دل نہ ٹوٹے

ماں کے دودھ کا قرض چکانا تیرے بس کی بات نہیں یہ تیری اوقات نہیں
ماں سے افضل بیوی اور بچوں میں کوئی ذات نہیں یہ معمولی بات نہیں
کچھ بھی ہو سجاد مگر تو ماں کا رکھنا دھیان کہ ماں کا ساتھ نہ چھوٹے

Designed By: Chahat Darbhangwi Mb. 8294380163